## ایم کیوایم کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان پر مشتمل ایک اور بڑی کھیپ بلوچستان روانہ کردی گئی

### امدادی سامان میں 500بستر، 400خیمے، آٹا، چاول، دالیں، گھی، چینی، چائے کی پتی، منرل واٹر، اوآر ایس، جان بچانے والی ادویات، گرم کپڑے، دریاں اور روزمرہ استعمال کی مختلف اشیاء شامل ہیں

کراچی۔۔۔30/اکتوبر2008ء۔۔۔بلوچستان کے علاقوں زیارت، پشین اور دیگر مقامات پرآنے والے زلزلہ زدگان کی امداد اور بحالی کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان پر مشتمل ایک اور بڑی کھیپ بلوچستان روانہ کردی گئی۔امدادی سامان پر مشتمل دو بڑے کنٹینرز جمعرات کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر فیڈرل بی ایریا سے روانہ کئے گئے ۔زلزلہ زدگان کو بھیجے گئے امدادی سامان میں 500بستر، 400خیمے، لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، آٹا، چاول، دالیں، گھی، چینی، چائے کی پتی، منرل واٹر، اوآر ایس، جان بچانے والی ادویات، گرم کپڑے، دریاں اور روزمرہ استعمال کی مختلف اشیاء شامل ہیں ۔کے کے ایف کے منیجنگ ٹرسٹی، رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری اور دیگر ذمہ داران نے یہ کنٹینرز اپنی نگرانی میں روانہ کئے ۔اس موقع پر کے کے ایف کے رضا کاروں کی بھی ایک بڑی تعداد موجود تھی ۔بلوچستان بھیجی جانے والی یہ دوسری بڑی کھیپ ہے اس سے قبل امدادی سامان کی پہلی بڑی کھیپ بدھ کو بلوچستان روانہ کی جاچکی ہے۔

## NDMAکے چیف ریلیف کمشنر جنرل فاروق احمد سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر رابطہ

### بلوچستان میں زلزلہ متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کیا

### انسانیت کی خدمت سے بڑا کوئی کام نہیں ہے، الطاف حسین

### وقت کا تقاضا ہے کہ ہم ایک متحد قوم بنکر ہر چیلنج کا مقابلہ کریں، جنرل فاروق احمد

لندن۔۔۔30، اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمعرات کے روز نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے چیف ریلیف کمشنر جنرل فاروق احمد سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور انہیں ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کیلئے کی جانے والی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے دریافت کیا کہ ایم کیوایم زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے مزید کیا خدمت کرسکتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جنرل فاروق احمد کو بتایا کہ بلوچستان میں زلزلہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں امدادی کیمپ قائم کردیا گیا ہے جہاں ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار دن رات امدادی اشیاء جمع کرکے ان کی پیکنگ کی جارہی ہے ۔جناب الطاف حسین نے بتایا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے غذائی اجناس، گرم کپڑے، خیمے، کمبل، منرل واٹر اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کی ایک کھیپ بلوچستان روانہ کی جاچکی ہے جبکہ خیمہ، کمبل، گرم کپڑے اور غذائی اجناس پر مشتمل دوسری کھیپ آج شام بلوچستان روانہ کردی جائے گی ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جنرل فاروق احمد سے کہا کہ آپ دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں اور انسانیت کی خدمت سے بڑا کوئی کام نہیں ہے ۔میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی کوششوں قبول فرمائے ۔جناب الطاف حسین نے جنرل فاروق احمد سے کہا کہ بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے ایم کیوایم اپنی بساط کے مطابق ہر ممکن کوشش کررہی ہے اور اس سلسلے میں ہمارے لائق کوئی بھی خدمت ہوتو ہمیں ضرور مطلع فرمائیں ۔جنرل فاروق احمد نے زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی عملی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ 8، اکتوبر2005ء میں آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے قیامت خیز زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے بھی ایم کیوایم نے قابل قدر کردار ادا کیا تھا اور بلوچستان میں زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے بھی ایم کیوایم کا کردار قابل تعریف ہے اور دوسروں کو بھی اس نیک عمل کی تقلید کرنی چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم ایک متحد قوم بنکر ہر چیلنج کا مقابلہ کریں اور مشکلات کا شکار اپنے بھائیوں کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں۔

## مخیّر حضرات بلوچستان کے زلزلے سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے زیادہ سے زیادہ کمبل، لحاف، خیمے اور گرم کپڑے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفتر میں پہنچا کر ثواب دارین حاصل کریں۔الطاف حسین

### زلزلے سے بے گھر ہونے والے ہزاروں معصوم بچے، خواتین، نوجوان اور بزرگ انتہائی شدید سردی کے عالم میں کھلے آسمان تلے پڑے ہیں جنہیں سردی

## سے بچاؤ کیلئے کمبل، لحاف، خیموں اور گرم کپڑوں کی سب سے زیادہ ضرورت ہے

لندن۔۔30 اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے خصوصاً مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ بلوچستان کے زلزلے سے تباہ حال لوگوں کی زیادہ سے زیادہ امداد کریں اور مصیبت زدہ عوام کی بھرپور مدد کر کے ثواب دارین حاصل کریں۔ جمعرات کو اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بدھ کو بلوچستان کے مختلف شہروں میں آنے والے زلزلے کے باعث بڑے پیمانے پر تباہی آئی ہے، سینکڑوں افراد جاں بحق اور سینکڑوں زخمی ہو چکے ہیں اور ہزاروں افراد بے گھر ہو چکے ہیں، بے گھر ہونے والے ہزاروں معصوم بچے، خواتین، نوجوان اور بزرگ انتہائی شدید سردی کے عالم میں کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں جنہیں سردی سے بچاؤ کیلئے کمبل، لحاف، خیموں اور گرم کپڑوں کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سامان کے کئی قافلے روانہ کئے جا چکے ہیں لیکن اب بھی متاثرہ افراد کو امدادی سامان کی اشد ضرورت ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں کراچی سمیت سندھ بھر کے عوام خصوصاً مخیّر حضرات سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ بلوچستان کے زلزلے سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے زیادہ سے زیادہ کمبل، لحاف، خیمے اور گرم کپڑے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفتر میں پہنچا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

## ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے الطاف حسین کی فون پر گفتگو

## زلزلے سے متاثرہ عوام کی امداد میں مصروف ایم کیو ایم کے تمام کارکنوں اور ذمہ داروں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

## زلزلے سے تباہ حال عوام امداد کیلئے ایم کیو ایم کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ یوسف شاہوانی

زیارت، پشین، خانوزئی، کھان مہترزئی، چمن، لورالائی، مستونگ، قلات، بولان، سبی، کوئٹہ، قلعہ عبداللہ اور ہرنائی میں کئی دیہات تباہ ہو چکے ہیں، ہزاروں گھر منہدم ہو چکے ہیں

لندن۔۔30 اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج صبح بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے فون پر گفتگو کی اور ان سے زلزلے کی تباہ کاریوں کی تفصیلات معلوم کیں۔ یوسف شہوانی نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ زلزلے سے بلوچستان کے شہروں زیارت، پشین، خانوزئی، کھان مہترزئی، چمن، لورالائی، مستونگ، قلات، بولان، سبی، کوئٹہ، قلعہ عبداللہ اور ہرنائی میں بڑے پیمانے پر تباہی آئی ہے، کئی دیہات تباہ ہو چکے ہیں، ہزاروں گھر منہدم ہو چکے ہیں، ہزاروں افراد گھروں سے بے گھر ہو چکے ہیں اور ان علاقوں میں اب بھی مسلسل زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ زلزلے کی وجہ سے بے گھر ہونے والے افراد سخت سردی کے عالم میں کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں جنہیں خیموں، کمبل اور گرم کپڑوں کی سخت ضرورت ہے جو امداد کیلئے ایم کیو ایم کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ یوسف شاہوانی نے بتایا کہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں ایم کیو ایم کے کارکنان انتہائی دشواریوں کے باوجود امدادی کاموں میں مصروف ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم اور اس کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن زلزلے سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے بھرپور کوششیں کر رہا ہے۔ امدادی سامان کی ایک بڑی کھیپ روانہ کی جا چکی ہے اور مزید سامان بھیجا جا رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے نامساعد حالات کے باوجود زلزلے سے متاثرہ عوام کی امداد میں مصروف ایم کیو ایم بلوچستان کے تمام کارکنوں اور ذمہ داروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## محبان پاکستان کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ کے متاثرین کیلئے پانچ لاکھ کی امداد

ریاض۔۔۔30، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم محبان پاکستان اوورسیز سعودی عرب یونٹ نے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد و بحالی کیلئے قائم امدادی فنڈ میں فوری طور پر پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ امدادی رقم سعودی عرب یونٹ کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زلزلہ متاثرین کیلئے مختص امدادی فنڈ میں بھیج دی جائے جو آئندہ ایک دن میں زلزلہ زدگان میں بھیج دی جائیگی۔ دریں اثناء محبان پاکستان نے بلوچستان میں قیامت خیز زلزلہ اور اسکے نتیجے میں سینکڑوں خاندانوں کے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور زلزلہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت اور ان کے بلند درجات سمیت زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین شہید اور کارکن محمد فرحان شہید کو میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، منتخب حق پرست نمائندوں، ذمہ داروں اور کارکنوں سمیت ہزاروں افراد کی شرکت

## نماز جنازہ کرکٹ گراؤنڈ پاک کالونی ادا کی گئی تدفین میوہ شاہ قبرستان میں ہوئی،سوئم کل بعد نماز جمعہ ہوگا

کراچی۔۔۔30/اکتوبر2008ء۔۔۔ناظم آباد کے علاقے جہانگیر آباد میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین شہیداور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے کارکن محمد فرحان شہید کو جمعرات کو میوہ شاہ قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔احمد حسین شہیداور محمد فرحان شہید کی نماز جنازہ آصف آباد کرکٹ گراؤنڈ پاک کالونی میں ادا کی گئی ،نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت،شاہد لطیف،حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی،ڈاکٹر محمد علی شاہ،عسکری تقوی،ڈاکٹر صغیر احمد،عبدالحسیب،شیخ محمد افضل،حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ،فرحت اللہ خان،انور عالم،نشاط محمد ضیاء،حنیف شیخ،محمد وسیم،سابق اراکین اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین محمد کمال،بادشاہ خان،ممتاز حمید،ذوالفقار،کامران،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی،ایلڈرز ونگ،اے پی ایم ایس او اور لیبر ڈویژن سمیت ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، پاک کالونی سمیت تمام سیکٹرز ویونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور احمد حسین شہیداور محمد فرحان شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہید کارکنوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔جیسے ہی دونوں شہداء کا جسد خاکی انکی رہائشگاہوں سے اٹھایا گیا تو کہرام مچ گیا،اس موقع پر ہر آنکھ شدید غم نم تھی جبکہ شہداء آخری دیدار کے موقع پر انتہاء رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے شہداء کے والدین،بہنیں،بھائی اور دیگر عزیز خواتین شدت غم سے نڈھال تھی اور زاروقطار سینہ کوبی کرتے ہوئے رورو کر بے ہوش ہورہی تھیں جنہیں موقع پر ایم کیوایم کی خواتین کارکنان نے دلاسہ دیا۔شہداء کے جنازے کرکٹ گراؤنڈ پاک کالونی سے پیدل میوہ شاہ قبرستان لیجایا گیا جہاں پورے اعزاز کے ساتھ شہداء کی تدفین میں عمل میں آئی۔علاوہ ازیں احمد حسین شہیداور محمد فرحان شہید کا سوئم کل بعد نماز جمعہ آصفیہ مسجد آصف کالونی میں ہوگا جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی،خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام شہداء کی رہائشگاہوں پر ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ احمد حسین شہیداور محمد فرحان شہید کے فاتحہ سوئم میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور پابندی وقت کا خیال رکھیں۔

## سانحہ 31اکتوبر کے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی،الطاف حسین

## 31،اکتوبر1986ء ایم کیوایم کے خلاف جبر وتشدد کے سلسلے کا آغاز تھا جب سہراب گوٹھ کے مقام پر مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے قافلوں پرحملہ کرکے درجنوں کارکنان کوشہید وزخمی کردیا تھا

## تمام ترقتل وغارتگری کے باوجود ایم کیوایم آج بھی قائم ہے اور ایم کیوایم کوختم کرنے کا خواب دیکھنے والے خودمٹ چکے ہیں

## سانحہ سہراب گوٹھ،31اکتوبر1986ء کے شہداء کی 22ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔30،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سانحہ 31اکتوبر کے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی اور ہم منزل کے حصول تک اپنے مشن ومقصد کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔سانحہ 31اکتوبر1986ء کے شہداء کی 22ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ 31،اکتوبر1986ء ایم کیوایم کے خلاف جبر وتشدد کے سلسلے کا آغاز تھا جب کراچی سے حیدرآباد جانے والے ایم کیوایم کے قافلوں پر سرکاری ایجنسیوں کی سرپرستی میں سہراب گوٹھ کے مقام پر مسلح دہشت گردوں نے حملہ کرکے ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان کوشہید وزخمی کردیا۔انہوں نے کہا کہ تمام ترقتل وغارتگری اور دہشت گردی کے باوجود ایم کیوایم آج بھی قائم ودائم ہے اور ایم کیوایم کوختم کرنے کا خواب دیکھنے والے خودمٹ چکے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے 31اکتوبر1986ء کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے مشن ومقصد کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کی قربانیاں کسی بھی قیمت پر فراموش نہیں کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ یہ حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ آج ایم کیوایم کا فکروفلسفہ ملک بھر میں پھیل چکا ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں اور ایم کیوایم کے فکروفلسفہ سے محبت کرنے والے آج دنیا کے مختلف ممالک میں بھی موجود ہیں۔جناب الطاف حسین نے شہداء کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کل کلفٹن میں اجتماع سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔30، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کل 31/ اکتوبر بروز جمعہ شام 7 بجے کلفٹن کے علاقے میں اجتماع سے خطاب کریں گے۔یہ اجتماع کلفٹن گارڈن نزد دو تلوار میں ہوگا اور اس میں کلفٹن ڈیفنس، سوسائٹی نارتھ ناظم آباد اور گلشن اقبال کے مکینوں سے اہم ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اجتماع کی تمام تیاری مکمل کر لی گئیں ہیں اور شرکاء میں دعوت نامہ بھی تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

## کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے سابق پرنسپل پروفیسر اشتیاق احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے سابق پرنسپل پروفیسر اشتیاق احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## عوامی نیشنل پارٹی کے رکن قومی اسمبلی عبدالمتین خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30، اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے ضلع بونیر سے تعلق رکھنے والے عوامی نیشنل پارٹی کے رکن قومی اسمبلی عبدالمتین خان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالمتین مرحوم کی مغفرت فرمائے، مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## کے ایم ڈی سی کے سابق پرنسپل پروفیسر اشتیاق احمد خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔30 اکتوبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل اسپتال کے سابق پرنسپل اور ای این ٹی اسپیشلسٹ پروفیسر اشتیاق احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## اورنگی ٹاؤن کے والد عبدالصمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔30/ اکتوبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن جاوید اقبال کے والد عبدالصمد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆